17-09-2024
08.30 Hrs

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمند علی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندر مودی، آج بھونیشور میں اڈیشہ سرکار کی اہم پہل Subhadra اسکیم کا آغاز کریں گے۔

2 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں آٹھویں انڈیا واٹر ویک 2024 کا افتتاح کریں گی۔

3 گُل جموں وکشمیر میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔

4 مغربی بنگال حکومت نے کولکاتہ عصمت دری اور قتل کی متاثرہ کیلئے انصاف کا مطالبہ کررہے ڈاکٹروں کی چار مانگوں میں سے تین کو مان لیا ہے۔

5 حکومت آج ملک بھر میں ’سوچھتا ہی سیوا ابھیان 2024‘ شروع کررہی ہے۔

6 اور ہاکی میں چین کے شہر Hulunbuir میں ایشیائی چمپئنس ٹرافی کے فائنل میں آج سہ پہر بھارت کا سامنا چین سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Odisha Visit

وزیراعظم نریندر مودی آج بھونیشور میں اڈیشہ سرکار کی اہم پہل Subhadra اسکیم کا آغاز کریں گے۔ Subhadra اسکیم ریاست میں خواتین پر مرکوز سب سے بڑی پہل ہے۔ اِس کا مقصد ایک کروڑ سے زیادہ خواتین کو مالی مدد فراہم کرنا ہے۔ اِس اسکیم کے تحت 21 سال سے 60 سال کی اہل خواتین مستفیدین کو پانچ سال کی مدت کے دوران 50 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ مستفیدین کو آدھار سے مربوط فوائد کی راست منتقلی DBT والے بینک کھاتوں میں دو مساوی قسطوں میں سالانہ 10 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ اسکیم کے آغاز کی تقریب کے دوران جناب مودی، 10 لاکھ سے زیادہ خواتین مستفیدین کو پہلی قسط کی رقم منتقل کریں گے۔

وزیراعظم، 2 ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ریلوے پروجیکٹوں کا بھی سنگ بنیاد رکھیں گے اور انہیں ملک کے نام وقف کریں گے۔ ریلوے کے یہ پروجیکٹس اڈیشہ میں ریلوے کے بنیادی ڈھانچے میں اضافہ کریں گے اور خطے کی ترقی میں اضافہ اور کنکٹویٹی کو بہتر بنائیں گے۔

جناب مودی ایک ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے قومی شاہراہوں کے پروجیکٹوں کا بھی سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وہ پردھان منتری آواس یوجنا سے مستفید ہونے والے افراد کے ساتھ بات چیت بھی کریں گے۔ اڈیشہ سرکار نے آج بھونیشور میونسپل کارپوریشن کے تحت آنے والے علاقوں

کے تمام اسکولوں اور کالجوں میں تعطیل کا اعلان کیاہے۔

V/C- Parkash Das

وزیراعظم نریندر مودی، اپنی 74ویں سالگر کے موقعے پر غریب خواتین کیلئے Subhadra یوجنا سمیت متعدد اسکیموں اور پروجیکٹوں کو ملک کے نام وقف کرنے کیلئے آج بھونیشور کا دورہ کررہے ہیں۔ وزیراعظم ریاست کی راجدھانی میں اپنی آمد کے فوراً بعد Gadakana میں جھگی جھونپڑی والے ایک علاقے میں جائیں گے اور پردھان منتری آواس یوجنا شہری کے 20 ہزار مستفیدین کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ وہ 14 ریاستوں کے تقریباً 10 لاکھ مستفید ہونے والے افراد کو ڈیجیٹل وسیلے سے پردھان منتری آواس یوجنا شہری کی پہلی قسط منتقل کریں گے۔ اِس کے بعد وہ بھونیشور کے جنتا میدان میں ایک عوامی جلسے کے دوران اڈیشہ کی تقریباً ایک کروڑ خواتین مستفیدین کو موہن چرن مانجھی کی قیادت والی بی جے پی سرکار کی Subhadra یوجنا وقف کریں گے۔

جناب مودی ریلوے اور قومی شاہراہ کے متعدد پروجیکٹوں کے علاوہ دیگر اسکیموں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور انہیں ملک کے نام وقف کریں گے۔ وزیراعظم سہ پہر دلی واپس آجائیں گے۔ وزیراعظم کے بھونیشور کے دورے کے پیش نظر سکیورٹی کے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔
بھونیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں------

BJP PM Birthday

وزیراعظم نریندر مودی کے یوم پیدائش کے موقعے پر BJP کے قومی صدر جگت پرکاش نڈّا آج نئی دلی میں پارٹی ہیڈ کوارٹرس میں سیوا پکھواڑہ کے تحت خون کے ایک عطیہ کیمپ کا افتتاح کریں گے۔ جناب نڈّا، وزیراعظم کی زندگی پر مبنی ایک نمائش کا بھی افتتاح کریں گے۔

Shah PM Birthday

داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے وزیراعظم نریندر مودی کو اُن کے 74ویں یوم پیدائش پر مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب شاہ نے کہا کہ وزیراعظم کی سخت محنت، ثابت قدمی اور دور اندیشی کی بدولت عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی آ رہی ہے۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ جناب مودی نے ملک کے رتبے میں اضافہ کیا ہے اور دنیا میں اُسے ایک سرکردہ مقام حاصل ہوا ہے۔ جناب شاہ نے ان کی اچھی صحت اور طویل عمر کی دعا کی ہے۔

INDIA WATER WEEK

آٹھواں اِنڈیا واٹر وِیک 2024 آج سے نئی دلّی میں شروع ہورہا ہے۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو بھارت منڈپم میں اِس کا افتتاح کریں گی۔ اِس چار روزہ کانفرنس میں تقریباً چار ہزار مندوبین شرکت کریں گے، جن میں چالیس ملکوں کے 200 غیر ملکی مندوبین بھی شامل ہیں۔
ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ نمائش کے دوران 100 سے زیادہ نمائش کار اور اسٹار اَپس اِدارے پانی کے شعبے میں اپنے اپنے نظریات پیش کریں گے۔

V/C- Pallavi

آٹھواں اِنڈیا واٹر وِیک 2024 پروگرام، آبی وسائل کے شعبے میں عالمی سطح کے فیصلہ سازوں، محققین، ماہرین، اختراع کاروں اور شراکت داروں کے خیالات اور آراء کو اُجاگر کرنے کیلئے ایک عالمی پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ اِس سال کے پروگرام کا موضوع ہے: ”پانی کی جامع ترقی اور بندوبست کیلئے شراکت داری اور تعاون“۔

اس پروگرام میں پنچایتی راج کی وزارت، پارٹنر وزارت کے طور پر شرکت کرے گی۔ آٹھواں اِنڈیا واٹر وِیک پانی کے بندوبست کے شعبے میں ملک بھر کی گرام پنچایتوں سے بہترین طور طریقوں کو اُجاگر کرے گا۔ اس میں پانی کی یقینی فراہمی، بارش کے پانی کو جمع کرنا، زیر زمین پانی کاریچارج، پانی کی تقسیم وغیرہ اُمور شامل ہیں۔

نئی دلی سے پلّوی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں------

J&K Poll Arrangements

جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔ اِس مرحلے کے تحت کُل 7 ضلعوں کے 24 اسمبلی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ یہ سات ضلعے، اننت ناگ، پلوامہ، شوپیاں، کلگام، ڈوڈا، رام بن اور کشتواڑ ہیں۔ 16 اسمبلی حلقے کشمیر ڈویژن میں، جبکہ 8 اسمبلی حلقے جموں ڈویژن میں واقع ہیں۔ اِس مرحلے میں 5 لاکھ 66 ہزار نوجوان ووٹرس سمیت 23 لاکھ 27 ہزار سے زیادہ رائے دہندگان 219 امیداروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ انتخابی کمیشن نے خوش اسلوبی کے ساتھ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے 24 اسمبلی حلقوں میں 3 ہزار 276 پولنگ مراکز قائم کئے ہیں۔ رائے دہندگان کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی پولنگ مراکز متعارف کرائے گئے ہیں۔ اِن میں خواتین پر مشتمل پِنک پولنگ مراکز، معذور افراد پر مشتمل پولنگ مراکز، نوجوانوں پر مشتمل پولنگ مراکز اور گرین پولنگ مراکز شامل ہیں۔ رائے دہندگان کی حوصلہ افزائی کیلئے چیف الیکٹورل آفیسر PK Pole نے Theme song ووٹ کا تہوار کا آغاز کیا۔

اس Theme song کو پرفارمنگ آرٹس کی ایک معروف تنظیم Rangyug نے تیار کیا ہے۔ یہ تنظیم SVEEP مہم کے حصے کے طور پر تھیئٹر کے ذریعے سماجی تبدیلی اور خود شناسی کو فروغ دینے کیلئے پُرعزم ہے۔

Haryana Nomination

ہریانہ میں، اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی واپس لینے کے بعد کُل ایک ہزار 31 امیدوار میدان میں ہیں۔ چیف الیکٹورل آفیسر پنکج اگروال نے کہا ہے کہ کُل نام واپس لینے کے آخری دن کُل 190 امیدواروں نے اپنے کاغذات واپس لیے۔

ریاست کے تمام 90 اسمبلی حلقوں میں 5 اکتوبر کو پولنگ ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی 8 اکتوبر کو کی جائے گی۔

day special story 100

نریندر مودی حکومت نے اپنی تیسری مدت میں 100 دِن مکمل کرلیے ہیں۔ مودی حکومت کی تاریخی تیسری مدت کے شروعاتی 100 دنوں میں مختلف اہم اقدامات اور فیصلے کیے گئے ہیں، جن سے لوگوں کی زندگیوں پر مثبت اثر پڑا ہے اور 2047 میں وِکست بھارت کے لیے ایک مضبوط بنیاد قائم ہورہی ہے۔
پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Anupam

وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی حکومت نے اِن 100 دنوں میں بڑے فیصلے کیے ہیں اور 15 لاکھ کروڑ روپے مالیت کی بڑی سرمایہ کاری کی ہے۔ کئی نئے اعلانات کے ساتھ زراعت اور بنیادی ڈھانچے کو خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ جناب مودی کے رہن سہن میں آسانی میں اضافے اور غریبوں اور متوسط طبقے دلِت، محروم افراد، آدی واسی، خواتین اور نوجوانوں کی زندگی کو بہتر بنانے کے نظریے کے تحت عوام کی فلاح و بہبود سے متعلق فیصلے کیے گئے ہیں۔
ملک میں حکمرانی کو بہتر کرنے پر خصوصی توجہ دینے کے ساتھ ساتھ کاروباری کرنے میں آسانی کو بھی فروغ دیا جا رہا ہے۔ یکسر تبدیلی کی رفتار کا سلسلہ جاری ہے، جس سے عوامی سطح پر ملک کا رتبہ بڑھ رہا ہے۔ حکومت، خواتین کی قیادت میں ترقی پر توجہ دے رہی ہے، جبکہ نوجوان ہی اُس کی توجہ کا مرکز ہیں۔
حکومت سبھی کے لیے معیاری حفظانِ صحت اور تعلیم پر بھی خاص دھیان دے رہی ہے۔
نئی دلی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

WB Doctors Protest

مغربی بنگال کی وزیراعلیٰ ممتا بنرجی نے کہا ہے کہ ریاستی سرکار نے احتجاج کرنے والے جونیئر ڈاکٹروں کی چار مانگوں میں سے تین کو مان لیا ہے۔ کَل رات کالی گھاٹ میں اپنی رہائش گاہ پر جونیئر ڈاکٹروں کے ساتھ میٹنگ کے بعد  نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے محترمہ بنرجی نے کہا کہ ڈاکٹروں کی مانگوں کے پیش نظر کولکاتہ پولیس کمشنر ونیت گوئل کو ہٹا دیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ پولیس فورس میں تبدیلیاں کی جائیں گی۔ آج دوپہر کو ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے اس کا اطلاق کیاجائے گا۔ انھوں نے کہاکہ DC ناتھ کا تبادلہ کیا جارہا ہے اور طبی تعلیم کے ڈائریکٹر(DME) اور صحت خدمات کے ڈائریکٹر DHS کو بھی ہٹایا جارہا ہے۔ محترمہ بنرجی نے کہا کہ ڈاکٹروں کا ایک مطالبہ پہلے سے ہی زیر سماعت ہے۔

وزیراعلیٰ نے جونیئر ڈاکٹروں پر زور دیا کہ وہ اپنی ڈیوٹی پر واپس آجائیں۔ کولکاتہ میں جونیئر ڈاکٹرس، عصمت دری اور قتل کیس میں انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کررہے ہیں۔ دھرنا منچ پر واپس آنے کے بعد احتجاج کرنے والے ڈاکٹروں نے کہا کہ ریاستی سرکار کے یہ فیصلے اُن کی تحریک کی فتحیابی کی عکاسی کرتے ہیں۔ تاہم ان کا کہنا تھا کہ جب تک کہ سرکار کی یہ یقین دہانی حقیقت نہیں بن جاتی ہے تب تک دھرنا اور کام نہ کرنے کا عمل جاری رہے گا۔

Swacchata Hi Seva Abhiyan

Swacchata Hi Seva Abhiyan 2024 آج سے شروع ہو گیا ہے اور یہ آئندہ ماہ کی دو تاریخ تک جاری رہے گا۔ اس سال کا موضوع ہے:

Swabhav Swachhata-Sanskar Swacchta

اِس کے تحت شرم دان اور جامع اقدامات کے ذریعے سیاحتی مقامات، سرکاری عمارتوں، کمرشل علاقوں، آبی ذخائر، چڑیاگھروں، سینکچری اور کمیونٹی اور عوامی بیت الخلا سمیت مختلف مقامات پر بڑے پیمانے پر صفائی ستھرائی کی مہم چلائی جائے گی۔

سبھی مرکزی حکومت کی وزارتیں اور ریاستیں ملک بھر میں شہریوں کو اِس میں شامل کرنے کی خاطر مختلف سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کر رہی ہیں۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Saklen

معاشرے کو مکمل طور پر ذہن میں رکھتے ہوئے اس سال کی مہم تین اہم ستونوں پر تیار کی گئی ہے۔ یہ ہیں: شرم دان کے ذریعے اُن یونٹس کی صفائی ستھرائی جن کی نشاندہی کی گئی ہے، سووچھتا میں جن بھاگیداری اور صفائی مِتر سُرکشتا شِور۔ دیہی اور شہری علاقوں میں بڑے پیمانے پر صفائی ستھرائی کی سرگرمیوں کا اہتمام کیا جائے گا، جن میں شہریوں اور شراکت داروں کی بڑے پیمانے پر شمولیت کو یقینی بناتے ہوئے CTU کے تحت طے کیے گئے کوڑے کرکٹ کے مقامات کی صفائی کی جائے گی۔ صفائی ستھرائی کے تئیں ذمہ داری اور احساس بڑھانے کے لیے مختلف ثقافتی تقریبات، ریلیوں، میراتھن، کوڑے کرکٹ سے چیزیں بنانے اور کمیونٹی مباحثوں کا بھی انعقاد کیا جائے گا۔

اِس مہم میں شہری،صنعتیں،NGO، شہری بلدیاتی ادارے، پنچایتیں اور ملک گیر سطح پر مختلف فریق شامل ہوں گے۔ حکومت کی اِس پہل میں سبھی ریاستیں، مرکز کے زیر انتظام علاقے، وزرائے اعلیٰ، مرکزی وزارتیں اور مقامی ادارے بھی شامل ہوں گے تاکہ ملک گیر سطح پر صفائی ستھرائی کو یقینی بنایا جا سکے۔

نئی دلی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنانے کے لیے میں............

PM- Memento E-Auction

وزیراعظم نریندر مودی کو ملے تحائف کی ای-نیلامی آج سے شروع ہوگی۔ ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ ای-نیلامی میں حصہ لیں کیونکہ اس سے ایک نیک مقصد کی تکمیل ہوگی اور نمامے گنگے فنڈ میں تعاون حاصل ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ اس سال نیلامی کی یہ چھٹی قسط ہے۔ 2019 میں اس نیلامی کا آغاز کیا گیا تھا۔ لوگ آج سے اپنے پسندیدہ مومنٹو کیلئے بولی لگا سکتے ہیں۔ آن لائن نیلامی کا یہ عمل 2اکتوبر تک جاری رہے گا۔

Naval Commandes Conference

بحریہ کے کمانڈروں کی دوسری کانفرنس 2024 آج نئی دلی میں شروع ہو رہی ہے۔ یہ کانفرنس ایک اعلیٰ سطح کی دو سالہ تقریب ہے جو بحریہ کے کمانڈروں کے مابین اہم اسٹریٹیجک، کارروائی جاتی اور انتظامی امور سے متعلق تبادلہ خیال کا موقع فراہم کرتی ہے۔ وزارت دفاع نے کہا کہ چار روزہ کانفرس کا آغاز بحریہ کے سربراہ کے افتتاحی خطاب سے ہوگا۔ وہ بھارتی بحریہ کے ذریعے پچھلے چھ ماہ کے دوران انجام دی گئیں اہم آپریشنل، لوجسٹک، تربیتی اور انتظامی سرگرمیوں کا جائزہ لیں گے اور بحری مفادات کے تحفظ کے لیے اہم سنگ میل عبور کرنے کے بارے میں تبادلہ خیال کریں گے۔ گی۔

کانفرنس کے دوران، توقع ہے کہ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ جمعرات کو قومی سلامتی اور قومی توقعات سے متعلق معاملات پر بحریہ کے کمانڈروں سے خطاب کریں گے۔

IMD

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج مشرقی مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، اور مشرقی اور مغربی اترپردیش میں بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ دو سے تین دنکے دوران ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپور، انڈومان اور نکوبار جزائر اور اتراکھنڈ میں بھی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

IMD کے مطابق ہفتے کے دوران ودربھ، مدھیہ پردیش، اور کانکن اور گوا میں دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔IMD نے کہا ہے کہ جھارکھنڈ میں ہوا کے گھرے دباؤ کا حلقہ مغرب-شمال مغرب کی جانب مسلسل بڑھتا رہے گا اور اگلے پانچ سے چھ گھنٹے میں یہ کمزور ہوکر ہوا کے کم دباؤ کے حلقے میں تبدیل ہو جائے گا۔x

Hockey

آج چین کے Hulunbuir میں ایشیائی چیمپئنز ٹرافی 2024 کے فائنل میں بھارت اور چین کا مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے سے کھیلا جائے گا۔ بھارتی ہاکی ٹیم اپنے ریکارڈ کو مزید بہتر کرنا چاہے گی اور ایشیائی چیمپنز ٹرافی کو پانچویں مرتبہ جیتنے کے ارادے سے میدان پر اترے گی۔ کل بھارتی ٹیم نے سیمی فائنل میں جنوبی کوریا کو شکست دی تھی۔ بھارتی ہاکی ٹیم ٹورنامنٹ میں کوئی بھی میچ نہیں ہاری ہے اور اُس نے گروپ مرحلے کے اپنے سبھی مقابلے جیتے ہیں۔ اُس نے چین، جاپان، ملیشیا، کوریا اور پاکستان کو ہرایا ہے۔
دوسری جانب چین اِس مقابلے کے پہلے ہی راؤنڈمیں بھارت سے ہار گیا تھا اور لیگ مرحلے میں اُسے کوریا اور جاپان کے ہاتھوں بھی شکست کا سامنا کرنا پڑا۔بھارت نے 2011، 2016، 2018، 2023 میں جیت حاصل کی ہے اور وہ پانچویں مرتبہ خطاب جیتنے کی بھرپور کوشش کرے گا۔

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ -ارجمند

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے گجرات کے گاندھی نگر میں وزیراعظم کے ذریعے دیے گئے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ ہم بھارت میں سات کروڑ گھر بنا رہے ہیں، جو دنیا کے کئی ملکوں کی آبادی سے زیادہ ہے۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس لکھتا ہے کہ کیجریوال آج دلی کے وزیراعلیٰ کے عہدے سے مستعفی ہوں گے۔ نیا سی ایم کون ہوگا۔ قیاس آرائی کا بازار گرم۔ اخبار پرتاپ کی سرخی ہے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ آج بحریہ کے سینئر کمانڈروں سے خطاب کریں گے۔ اخبار انقلاب لکھتا ہے وندے بھارت میٹرو کا نام تبدیل۔ نمو بھارت ریپڈ ریل نام دیاگیا۔ بھج سے احمد آباد تک چلے گی۔ بیشتر اخباروں نے جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی پولنگ کے لیے انتخابی مہم ختم ہونے کی خبر کو اہمیت دی ہے۔

اخبارات نے بی جے پی کے سینئر لیڈر مادھو کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ بی جے پی اپنی ہم خیال پارٹیوں کے اتحاد سے جموں و کشمیر میں سرکار بنائے گی۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- ڈونالڈ ٹرمپ پر ایک اور ممکنہ قاتلانہ حملے کی ناکام کوشش
- لبنان۔اسرائیل کشیدگی دور کرنے کی امریکی کوشش
- حوثی گروپ نے اسرائیل کے خلاف فوجی کارروائی تیز کرنے کی دھمکی دی۔
- پاپوانیوگنی میں دو گروپوں کے درمیان تصادم، 20 سے زائد افراد ہلاک۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

- وزیراعظم نریندر مودی، آج بھونیشور میں اڈیشہ سرکار کی اہم پہل Subhadra اسکیم کا آغاز کریں گے۔
- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں آٹھویں انڈیا واٹر ویک 2024 کا افتتاح کریں گی۔
- کَل جموں وکشمیر میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔
- مغربی بنگال حکومت نے کولکاتہ عصمت دری اور قتل کی متاثرہ کیلئے انصاف کا مطالبہ کررہے ڈاکٹروں کی چار مانگوں میں سے تین کو مان لیا ہے۔
- حکومت آج ملک بھر میں 'سوچھتا ہی سیوا ابھیان 2024' شروع کررہی ہے۔
- اور ہاکی میں چین کے شہر Hulunbuir میں ایشیائی چمپئنس ٹرافی کے فائنل میں آج سہ پہر بھارت کا سامنا چین سے ہوگا۔ 6

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------